حج کا مختصر و آسان طریقہ

(محمد نجیب قاسمی)

حج کی تین قسمیں ہیں: (۱) تمتع (۲) قران (۳) افراد

﴿ حج تمتع ﴾	﴿ حج قران ﴾	﴿ حج افراد ﴾
میقات سے صرف عمرہ کا احرام باندھیں	میقات سے حج اور عمرہ کا ایک ساتھ احرام باندھیں	میقات سے صرف حج کا احرام باندھیں
عمرہ کا طواف اور سعی کریں	عمرہ کا طواف اور سعی کریں	طوافِ قدوم (سنت) کریں
بال منڈوا کر یا کٹوا کر احرام اتار دیں	احرام ہی کی حالت میں رہیں	احرام ہی کی حالت میں رہیں
۷ یا ۸ ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھیں	ممنوعاتِ احرام سے بچتے رہیں	ممنوعاتِ احرام سے بچتے رہیں
۸ ذی الحجہ کو تلبیہ پڑھتے ہوئے منی چلے جائیں	۸ ذی الحجہ کو تلبیہ پڑھتے ہوئے منی چلے جائیں	۸ ذی الحجہ کو تلبیہ پڑھتے ہوئے منی چلے جائیں

حج کا پہلا دن: ۸ ذی الحجہ

☆ آج منی میں قیام کر کے ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور ۹ ذی الحجہ کی نماز فجر ادا کریں۔
(منی میں یہ پانچوں نمازیں ادا کرنا اور آج کی رات منی میں گزارنا سنت ہے۔)

حج کا دوسرا دن: ۹ ذی الحجہ

☆ آج صبح تلبیہ پڑھتے ہوئے منی سے عرفات کے لئے روانہ ہو جائیں۔
☆ عرفات پہونچ کر ظہر اور عصر کی نمازیں وہاں ادا کریں۔
☆ غروب آفتاب تک قبلہ رخ، کھڑے ہو کر خوب دعائیں کریں۔
☆ غروب آفتاب کے بعد تلبیہ پڑھتے ہوئے عرفات سے مزدلفہ روانہ ہو جائیں۔
☆ مزدلفہ پہونچکر مغرب اور عشاء کی نمازیں عشاء کے وقت میں ادا کریں۔
☆ رات مزدلفہ میں گزاریں۔ البتہ خواتین اور معذور لوگ آدھی رات کے بعد مزدلفہ سے منی جا سکتے ہیں۔

حج کا تیسرا دن: ۱۰ ذی الحجہ

☆ مزدلفہ میں نماز فجر ادا کر کے دعائیں کریں۔ ☆ طلوع آفتاب سے قبل منی کیلے روانہ ہو جائیں۔
☆ منی پہونچکر بڑے اور آخری جمرہ پر کنکریاں ماریں۔ ☆ تلبیہ پڑھنا بند کر دیں۔
☆ قربانی کریں۔ ☆ بال منڈوائیں یا کٹوائیں۔ ☆ احرام اتار دیں۔
☆ طوافِ زیارت یعنی حج کا طواف اور حج کی سعی کریں۔
(قربانی، بال کٹوانے، طواف زیارت اور حج کی سعی کو ۱۲ ذی الحجہ کی مغرب تک مؤخر کر سکتے ہیں)۔

حج کا چوتھا اور پانچواں دن: ۱۱ و ۱۲ ذی الحجہ

☆ منی میں قیام کر کے تینوں جمرات پر زوال کے بعد سات سات کنکریاں ماریں۔
☆ ۱۲ ذی الحجہ کو کنکریاں مارنے کے بعد منی سے جا سکتے ہیں۔

حج کا چھٹا دن: ۱۳ ذی الحجہ

☆ اگر آپ ۱۲ ذی الحجہ کو منی سے روانہ نہیں ہوئے تو تینوں جمرات پر زوال کے بعد کنکریاں ماریں۔

حج کے فرائض: احرام۔ وقوف عرفہ۔ طوافِ زیارت کرنا۔ بعض علماء نے سعی کو بھی حج کے فرائض میں شمار کیا ہے۔

حج کے واجبات: میقات سے احرام کے بغیر نہ گذرنا۔ عرفہ کے دن، غروب آفتاب تک میدانِ عرفات میں رہنا۔ مزدلفہ میں وقوف کرنا۔ جمرات کو کنکریاں مارنا۔ قربانی کرنا (حج افراد میں واجب نہیں)۔ سر کے بال منڈوانا یا کٹوانا۔ سعی کرنا۔ طوافِ وداع کرنا۔ حج کے فرائض میں سے اگر کوئی ایک فرض چھوٹ جائے تو حج صحیح نہیں ہوگا جس کی تلافی دم سے بھی ممکن نہیں۔ اگر واجبات میں سے کوئی ایک واجب چھوٹ جائے تو حج صحیح ہو جائیگا مگر جزا لازم ہوگی۔

ممنوعاتِ احرام: خوشبو استعمال کرنا۔ ناخن کاٹنا۔ جسم سے بال دور کرنا۔ میاں بیوی والے خاص تعلقات۔ چہرہ کا ڈھانکنا۔ سلے ہوئے کپڑے پہننا (صرف مردوں کے لئے)۔ سر کو ڈھانکنا (صرف مردوں کے لئے)۔ میقات سے باہر رہنے والے حضرات واپسی کے وقت طواف وداع ضرور کریں۔